# منقبت امام زین العابدینؑ

دینِ حق کے رہنما و حکمراں سجادؑ ہیں
دینِ حق قرآں ہے قرآں کی زباں سجادؑ ہیں

یاد رکھے گا زمانہ حشر تک اُن کی نماز
ہر یزیدی دور میں دیں کی اذاں سجادؑ ہیں

زُہد اور تقوے کے اپنی ذات میں بدرِ منیر
علم اور حکمت کے چوتھے آسماں سجادؑ ہیں

روک لے رضواں درِ جنت پہ اُس کی کیا مجال
مطمئن ہے دل ہمارے درمیاں سجادؑ ہیں

بندگی کی انتہا یہ ہے کہ ہو سجدوں پہ ناز
خود جہاں ہے ناز سجدوں کو وہاں سجادؑ ہیں

کربلا آسان تھی یا منزلِ بازارِ شام
انتہائے ظلم تو بتلا کہاں سجادؑ ہیں

یوں تو گھر کا گھر ابوطالبؑ کا تھا صابر ظفرؔ
جس نے جھیلیں سب سے بڑھ کر سختیاں سجادؑ ہیں

شاعر ظفر عباس ظفرؔ